07/01/2026

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ بصارت غل سے خبریں سُن

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ کشمیر سے کنیا کماری تک بھارت کے نوجوان کھیل کود سمیت تمام دیگر شعبوں میں کامیابی کی ایک نئی داستان رقم کر رہے ہیں۔

گیمز کے دوسرے شمارے کی افتتاحی تقریب میں شرکت کے دوران Beach مینکھیلو انڈیا Diu انہوں نے کھیل کود کے ذریعے سے نوجوانوں کو با اختیار بنانے کا عزم دہرایا ۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بنیادی ڈھانچے کے تمام پروجیکٹوں کو پورے معیار کے ساتھ مکمل کرنے پر زور دیا ہے ۔

جموں میں محکمہ تعمیراتِ عامہ کی ایک میٹنگ کے دوران انہوں نے آر اینڈ بی کے تحت زیرِ عمل پروجیکٹوں کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیتے ہوئے ورچول موڑ پر محکمے میں ایک ارب 19 کروڑ روپے مالیت کے پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھا اور دیگر 33 کروڑ روپے مالیت کے پروجیکٹوں کا ای افتتاح کیا ۔ میٹنگ میں نائب وزیراعلیٰ سرندر کمار چودھری، وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی ، چیف سیکریٹری اٹل ڈلو اور انتظامیہ کے دیگر سینئر افسران بھی موجود تھے ۔

جتیندر سنگھ

سائنس اور ٹیکنالوجی کے وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ سائنسی پروگراموں کا جائزہ اور تجزیہ حقیقی دنیا کے اثرات کے تناظر میں ہونا چاہیے، جن سے روزگار پیدا کرنے اور سماج میں بہتری لانے میں تعاون مل سکے۔

کی اعلیٰ سطحی میٹنگ کی CSIRنئی دلّی کے کونسل آف سائنسٹفک اینڈ انڈسٹریئل ریسرچ، صدارت کے دوران ڈاکٹر سنگھ نے واضح کیا کہ اس بات پر توجہ مرکوز کی جانی چاہیے کہ تجربہ گاہوں کی اختراعات کو کس طرح زمینی سطح پر فائدہ مند بنایا جائے۔

ستیش شرما

کھیل کود کے وزیر ستیش شرما نے جموں کشمیر میں نوجوانوں کے لئے ایک پیشہ ورانہ جموں کشمیر پرویمئیر لیگ کے آرگنائزرس کی سراہنا کی Big سپورٹس پلیٹ فارم فراہم کرنے پر ہے ۔

جموں کشمیر پرویمئیر لیگ کے فائنل میچ کے بعد انعامی تقریب کے وقت Big وزیر موصوف اظہار خیال کر رہے تھے ۔

یہ کرکٹ ٹورنامنٹ ایک کانٹے کے مقابلے کے بعد روائل گُڈ وِل کرکٹ کلب نے جیت لیا ۔

چیف سیکریٹری

جموں کشمیر کی آبادی کو مستقبل کے ابھرتے ہوئے روزگار کے مواقعوں کے لئے تیار کرنے کی غرض سے محکمہ سکل ڈیولپمنٹ نے یوٹی میں ہنر مندی کے ماحول میں اصلاحات لانے کی غرض سے چیف سیکریٹری اٹل ڈلو کو ایک مستقبل بین اور جامع نقش راہ پیش کیا ۔

جموں ، جموں IIMاس سلسلے میں جموں کشمیر کی مختلف یونیورسٹیوں کے وائس چانسلروں ، اور دیگر پیشہ ورانہ اداروں کے اعلیٰ عہدیداروں کے ساتھ ایک تفصیلی NIFT، IITکشمیر بنک ، میٹنگ منعقد کی گئی ۔

چیف سیکریٹری نے جموں کشمیر میں بہتر روزگار کے مواقعے پیدا کرنے کی غرض سے گلوبل کے امکانات تلاش کرنے پر زوردیا ۔ Idea سینٹر جیسے Capability

قمر سجاد

وادی میں سرمائی سیاحت کو فروغ دینے کےلئے سرکاری سطح پر تمام ضروری اقدامات کئے جا رہے ہیں، اور ان دنوں بڑی تعداد میں سیاح گلمرگ کی سیر کر تے نظر آ رہے ہیں۔

آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے ڈائریکٹر ٹیور ازم کشمیر سید قمر سجاد نے کہا کہ گلمرگ آنے والے سیاح گنڈولہ کی سیر سے بھی محظوظ ہو رہے ہیں۔

تعزیت

پرنسپل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشنز جج جموں کے دفتر میں ایک تعزیتی اجلاس منعقد ہوا ، جس دوران NDPS معاملات کے خصوصی جج پرویز اقبال کے ساتھ تعزیت کا اظہار کیا گیا جن کی والدہ کا انتقال ہو گیا ہے ۔

پیوش سنگلا

انفارمیشن ٹیکنالوجی کے سیکریٹری پیوش سنگلا نے جموں کشمیر بھر میں ڈیجیٹل بدلاو میں تیزی کا بنیادی ڈھانچہ بڑھانے اور اسے مضبوط کرنے پر زور دیا ہے ۔ IT لانے کی غرض سے

کرنے پر مرکوز Hire سروسز کو Meghraj Cloud وہ جموں کشمیر میں اس مقصد کے لئے منعقدہ ایک میٹنگ میں بول رہے تھے ۔

ونٹر جنگل

وادی میں درجہ حرارت میں گراوٹ کے ساتھ ہی گرمی دینے والے آلات کا استعمال بڑھ گیاہے۔ تاہم ضرورت اس بات کی ہے کہ ان آلات کے استعمال کے دوران انتہائی احتیاط برتی جائے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی1 اعشاریہ 6 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 8 اعشاریہ 7 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔